نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور 21

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد**

**پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی شرکت**

**اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی شعبے کی ترقی کیلئے جاری منصوبوں اور اقدامات بارے جائزہ لیا گیا**

لاہور، 15 اپریل 2025:۔ صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ کے زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے منصوبوں بارے پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔

اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک نے کہا کہ کسان کارڈ کے دوسرے فیز کا آغاز 15 مئی سے ہو گا۔ کسان کارڈ کے تحت کاشتکاروں کو خریف کیلئے بلا سود زرعی قرضہ جات فراہم کئے جائیں گے جس کیلئے 75 ارب روپے کی رقم مختص کی جا رہی ہے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ کسان کارڈ کے دوسرے مرحلہ کے کاشتکار 30 فیصد نقد کیش اور 25 فیصد رقم سے ڈیزل کی خرید بھی کر پائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے تحت 8 ایکڑ سے 10 ایکڑ ملکیتی اراضی والے کاشتکاروں کو بلا سود قرضہ جات کی فراہمی کی تجویز حتمی منظوری کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب کو بھیجی جائے گی۔ اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے تحت گزشتہ قرض کی بروقت واپسی کی صورت میں کاشت کاروں کو 5 ہزار روپے فی ایکڑ کے حساب سے سپورٹ بھی فراہم کی جائے گی. صوبائی وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت پہلے مرحلے میں 9500 قرعہ اندازی میں کامیاب کاشتکاروں میں اب تک 9250 گرین ٹریکٹرز ڈلیور کئے جا چکے ہیں۔ اس پروگرام کے دوسرے مرحلہ کے دوران 60 ہارس پاور سے 85 ہارس پاور کے مقامی طور پر تیار کردہ 10 ہزار سے 20 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو سبسڈی پر دیئے جانے کی تجویز زیر غور ہے جس کی حتمی منظوری وزیر اعلیٰ پنجاب دیں گی۔

صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ ماڈل ایگریکلچر مالز کے قیام کے سلسلے ساہیوال، ملتان، بہاولپور اور سرگودھا میں 80 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے ۔ انھوں نے کہا کہ دوسرے مرحلہ کے دوران 10 مزید ماڈل ایگری مالز بنانے کی تجویز زیرِ غور ہے۔ زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے دوسرے مرحلہ کے دوران 2 ہزار مزید زرعی گریجویٹس بھرتی کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ ان گریجویٹس کو محکمہ زراعت پنجاب کے تمام ذیلی محکموں میں تعینات کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت سپر سیڈرز کی فراہمی کا پہلا مرحلہ سو فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ رواں سال ماہ ستمبر میں دھان کی کٹائی سے قبل مجموعی طور پر 5 ہزار سپر سیڈرز کاشتکاروں کو فراہم کر دیئے جائیں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ سپر سیڈرز کی درخواستیں صوبائی سطح پر تمام کاشتکار جمع کرا سکیں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب ہائی ٹیک فنانسنگ پروگرام کے تحت اگلے مالی سال میں 11 قسم کے جدید نئی مشینری و آلات کاشتکاروں کو سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔ اس پروگرام کے تحت 1 ہزار مشینری و آلات کاشتکاروں کو فراہم کئے جائیں گے۔ اس پروگرام کیلئے 30 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی جائے گی جس کے تحت سروس پرووائیڈرز/ کاشتکاروں کو زرعی مشینری کی خرید کے لئے 5 کروڑ روپے تک

بلاسود قرضہ جات فراہم کئے جائیں گے۔ یہ قرضہ سروس پروائیڈرز /کاشتکار 5 سال کی مدت میں واپس کریں گے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں 8 لاکھ 40 ہزار ایکڑ رقبہ پر اگیتی کپاس کی کاشت مکمل ہو چکی ہے۔ اس پروگرام کے تحت 5 ایکڑ یا اُس سے زائد رقبہ پر اگیتی کپاس کاشت کرنے والے کاشتکاروں کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب نے 25 ہزار روپے کا خصوصی مراعاتی پیکج دیا ہے۔ اس مہم کے دوران کپاس کی ٹرپل جین اقسام کی دستیابی کو یقینی بنایا گیا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج پر ٹائم لائنز کے مطابق عملدرآمد جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ کپاس کی اگیتی کاشت کی مہم کی کامیابی میں فیلڈ فارمیشنز اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے خصوصی مراعاتی پیکج نے بنیادی کردار ادا کیا۔

اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، انجینیئر ساجد حسن سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆